نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی اور سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی ہدایات پر اعلیٰ افسران کپاس کے کاشتکاروں کی راہنمائی کیلئے مصروفِ عمل

لاہور: 24 اگست 2025: وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی اور سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی ہدایات پر ایڈیشنل سیکرٹری ٹاسک فورس پنجاب اور ڈائریکٹر جنرلز محکمہ زراعت پنجاب باقاعدگی سے کپاس کے علاقوں کے دورے کر رہے ہیں اور کاشتکاروں کی رہنمائی کے لیے مامور ٹیموں کی نگرانی کر رہے ہیں۔ دوروں کے دوران وہ کاشتکاروں سے ملاقات کر کے ان کے مسائل بارے آگاہی حاصل کر کے ان کے حل کیلئے اقدامات کرتے ہیں۔ مزید برآں فیلڈ سرگرمیوں کا جائزہ لیتے ہیں۔

اسی سلسلہ میں ایڈیشنل سیکرٹری ٹاسک فورس پنجاب شبیر احمد خان نے خانیوال اور ساہیوال کا دورہ کیا، جبکہ ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع چوہدری عبدالحمید نے پیرمحل کا دورہ کیا۔ ڈائریکٹر جنرل انفارمیشن محکمہ زراعت پنجاب نوید عظمت کاہلوں نے ملتان، خانیوال، جہانیاں، لودھراں اور حاصل پور کے علاقوں کا دورہ کیا۔ ڈائریکٹر جنرل پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کنٹرول آف پیسٹی سائیڈز ڈاکٹر عامر رسول نے میاں چنوں، خانیوال اور جہانیاں کا دورہ کیا۔ محکمہ زراعت پنجاب کے افسران نے جہانیاں میں ماہر کپاس ڈاکٹر محمد اقبال بندیشہ کے ہمراہ کپاس کی فصل کا معائنہ کیا۔ ماہرین نے دوروں کے دوران کاشتکاروں کو ہدایت کی کہ وہ کپاس کی فصل کی پیسٹ سکاؤٹنگ باقاعدگی سے ہفتہ میں دو بار کریں۔ انہوں نے کاشتکاروں کو کپاس کی بہتر نگہداشت کے ساتھ ساتھ صاف چنائی بارے بھی رہنمائی فراہم کی

☆☆☆☆